Urdu/اردو

NYC Taxi & Limousine Commission

کارکنان کے معاوضے کی تعمیل کے تقاضے / WORKERS' COMPENSATION COMPLIANCE REQUIREMENTS

کارکنان کو معاوضوں کی ادائیگیاں کرنا

اگر آپ کارکنان کے معاوضے کے وظائف حاصل کر رہے ہیں تو آپ کو مندرجہ ذیل دستاویزات کو TLC /TLC Compliance Unit کے تعمیل کے یونٹ میں یہاں ای میل کرنا چاہیئے tlccompliance@tlc.nyc.gov۔ آپ سے یہ بھی درکار ہوگا کہ اپنا TLC لائسنس بذریعہ ڈاک یہاں جمع کروائیں: 31-00 47th Avenue 3rd Floor, Long Island City, NY 11101، Compliance Unit کی توجہ کے لیے۔

1. وہ دستاویزات جو ثبوت پیش کرتے ہوں کہ آپ نے کارکنان کے معاوضے کے وظائف کے لئے درخواست جمع کروائی ہے۔
2. کسی لائسنس یافتہ معالج کی جانب سے ایک اصلی خط جو یہ بیان کرتا ہو کہ آپ جسمانی طور پر کام کرنے سے قاصر ہیں۔ اس خط کو ڈاکٹر کی جانب دستخط شدہ اور مہر کا حامل ہونا چاہیئے، اور یہ چھ (6) ماہ سے زیادہ پرانا نہیں ہو سکتا۔

آپ کارکنان کے معاوضے پر ہوتے ہوئے کس چیز کے ذمہ دار ہوں گے

اس اثنا میں جب آپ کام کے قابل نہیں ہوں گے، آپ سے پھر بھی درکار ہوگا کہ TLC لائسنس کے تمام قابلِ اطلاق تقاضے پورے کریں۔ اپنے لائسنس کی معلومات تک جلد، آسان انداز میں رسائی کے لئے یہاں دیکھیے www.nyc.gov/tlcup۔

اگر آپ کے TLC ڈرائیور لائسنس کو تجدید کے لئے شیڈول کیا گیا ہوتو TLC کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیے آپ کو تجدید کے تقاضے اور تجدید کی اضافی معلومات یہاں ملیں گی https://www1.nyc.gov/site/tlc/drivers/renew-a-tlc-drivers-license.page۔

نوٹ: اگر آپ اپنی تاریخِ تنسیخ کے بعد 180 دنوں کے اندر تجدید کے تقاضے پورے کر لیتے ہیں، تو آپ کو $25.00 کی لیٹ فیس کا بل دیا جائے گا۔

کارکنان کے معاوضے سے کیسے الگ ہوا جائے اور کام پر واپس آیا جائے

جس اثنا میں آپ کام کرنے سے قاصر تھے، آپ کا TLC لائسنس معطل تھا۔ معطلی کو ہٹانے کے لئے اور کام پر واپس جانے کے لئے، آپ کو یقینی بنانا چاہیئے کہ آپ نے TLC کے تمام تقاضے پورے کر دیئے ہیں، اور اس بات کا ثبوت پیش کریں کہ جسمانی طور پر آپ کام پر واپس جانے کے قابل ہیں۔ آپ کو مندرجہ ذیل چیزیں TLC /TLC Compliance Unit کے تعمیل کے یونٹ پر یہاں ای میل کرنی چاہیئں tlccompliance@tlc.nyc.gov:

1. کسی لائسنس یافتہ معالج کی جانب سے ایک اصلی خط جو یہ بیان کرتا ہو کہ آپ کسی رکاوٹ کے بغیر، جسمانی طور پر کام پر واپس جانے کے لئے ٹھیک ہیں۔ اس خط کو ڈاکٹر کی جانب دستخط شدہ اور مہر کا حامل ہونا چاہیئے، اور یہ چھ ماہ سے زیادہ پرانا نہیں ہو سکتا۔
2. آپ کی انشورنس کمپنی کی جانب سے دستاویزات جو یہ نشاندہی کرتی ہوں کہ کارکنان کے معاوضے کے وظائف ختم ہو گئے ہیں۔ اگر آپ اس بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں کہ یہ خط کیسے حاصل کیا جائے، تو براہ کرم کارکنان کے معاوضے کی ویب سائٹ پر یہاں ملاحظہ کیجیے: http:www.wcb.ny.gov.

   نوٹ: صرف آپ کی انشورنس کمپنی یا Workers' Compensation Bureau / کارکنان کے معاوضے کے بیورو کی جانب سے خطوط قبول کئے جائیں گے۔

3. ایک مکمل شدہ دستخط شدہ سند کی تبدیلی کا فارم جمع کروائیے (PDF) تاکہ نئی اسناد وصول کی جائیں جو یہاں موجود ہیں https://www1.nyc.gov/assets/tlc/downloads/pdf/req_driver_replace_credentials.pdf۔ سند کو تبدیل کرنے کی ایک پچیس ڈالر($25.00) کی فیس ہے۔ آپ کو ایک اپوائنٹمنٹ شیڈول کرنی چاہیئے جو بذریعہ TLC ویب سائٹ ہو، https://www1.nyc.gov/site/tlc/tlc-online/licensing-standards-appointment-scheduling.page, تاکہ TLC کی Long Island City کی سہولت گاہ کا دورہ کیا جائے۔